ایک بل.

قانون جیل خانہ جات مجریہ 1894 میں مزید ترمیم.

ہر گاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ قانون جیل خانہ جات مجریہ 1894ء (1894ء کے قانون نمبر IX) میں بعد ازیں شامل ہونے والے دفعات کو قانون میں شامل کرنے کے لیئے ترمیم کی جاتی ہے.

یہ خیبر پختونخواہ کی صوبائی اسمبلی سے درج ذیل طرح سے وضع کیا جاتا ہے.

1- مختصر عنوان اور آغاز:

(1) یہ قانون جیل خانہ جات (ترمیمی) مجریہ 2024ء کے نام سے موسوم ہوگا-

(2) یہ قانون فوری طور پر نافذ العمل ہوگا-

2 -1894ء کے قانون نمبر IX کی دفعہ 58 کے بعد ترمیم:

قانون جیل خانہ جات مجریہ 1894ء (1894ء کے قانون نمبر IX) کی دفعہ 58 کے بعد ایک نیا دفعہ 58A شامل کی جائیں.

58 A اکیڈمی- (1) انسپکٹریٹ جنرل جیل خانہ جات کے عملے کی استعداد کار کو بڑھانے کے مقصد سے، حکومت، سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے، ایک ادارہ قائم کر سکتی ہے جسے جیل خانہ جات کے عملے کی تربیتی اکیڈمی کے نام سے جانا جائے۔

(2) اکیڈمی ان ضوابط یا دفعات کے مطابق چلائی جائے گی جو قائم ہو سکتے ہیں۔

(3) اکیڈمی کے پاس اتنی تعداد میں عملہ ہوگا اور وہ ایسی تربیت فراہم کرے گی اور اس طریقے سے جو کہ تجویز کی گئی ہو۔

بیان اغراض و وجوہ.

مستحسن ہے کہ صوبہ خیبر پختونخواہ قانون جیل خانہ جات مجریہ 1894ء (1894ء کے قانون نمبر IX) میں ترمیم کی جائے.

لہذا بل ہذا پیش کیا جاتا ہے.